49012- طواف افاضہ نہیں کیا

سوال

میں نے طواف افاضہ نہیں کیا کیونکہ میرا خیال تھا کہ پہلا طواف ہی کافی ہے ، لھذا اب مجھ پر کیا لازم آتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمدللہ

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

طواف افاضہ ارکان حج میں سے ایک رکن ہے جس کے بغیر حج مکمل نہیں ہوتا ، لھذا جب کوئی شخص طواف افاضہ ترک کردے تو اس کا حج مکمل نہیں ، طواف افاضہ کرنا ضروری ہے لھذا وہ شخص واپس آئے اور طواف کرے اگرچہ اپنے ملک سے ہی واپس آئے اور طواف کرے ۔

اور اس حالت میں جبکہ اس نے ابھی تک طواف افاضہ نہیں کیا اس کے لیے اپنی بیوی سے میل جول کرنا بھی جائز نہیں کیونکہ وہ ابھی تک تحلل ثانی سے حلال نہیں ہوا، کیونکہ اگر وہ حج تمتع یا قران کرنے وال شخص ہو تو طواف افاضہ اور سعی کے بغیر دوسرا تحلل ہی نہیں ہوتا اور اگر حج مفرد کرنے والا ہو اور اس نے طواف قدوم کے ساتھ سعی نہیں کی تو پھر وہ بھی طواف افاضہ اور سعی کے بغیر مکمل حلال نہیں ہوسکتا ۔ اھ.